URDU

# کیا آپ کا بچہ کسی ایسے خاندان کے ساتھ رہ رہا ہے جن کے ساتھ آپ کا قریبی رشتہ نہیں ہے؟

# Is your child living with another family not closely related to you?

وارکشائر میں پرائیویٹ فوسٹرنگ

**Private fostering in Warwickshire**

والدین

**Parents**

## نااہلیت

قانون کے مطابق کوئی بھی شخص ذیل کی صورتوں میں ایک پرائیویٹ کیئرر کی حیثیت سے نااہل قرار دیا جا سکتا ہے:

- جب اُس پر کسی بھی وقت خصوصی جرائم ثابت ہو چکے ہوں؛
- کسی ایسے بچہ کا/کی والد/ والدہ ہو جسے کیئر آرڈر کا موضوع قرار دے دیا گیا ہو؛
- کسی ایسے بچہ پر حقوق یا اختیار رکھ چکا ہو جسے ان سے کسی بھی وقت دُور کر دیا گیا ہو؛
- پرائیویٹ فوسٹرنگ سے روک دیا گیا ہو۔

اگر آپ کو یہ کتابچہ کسی دوسری زبان میں درکار ہو تو برائے مہربانی **01926412532** پر یا **01926412698** پر کال کریں۔

اگر آپ کو یہ معلومات کسی دوسرے طریقہ سے درکار ہوں، جیسے آڈیو ٹیپ پر یا بڑے الفاظ کی لکھائی میں، تو برائے مہربانی 01926 412532 پر یا 01926 412698 پر کال کریں۔

## اُس علاقہ کے ڈسٹرکٹ آفس سے رابطہ کریں جہاں پر پرائیویٹ فوسٹر کیئرر مقیم ہے۔

Nuneaton and Bedworth District Children Services Duty and Referral Team,
Beada House, Newtown Road,
BEDWORTH CV12 8QB
فون: 01926413001

North Warwickshire Childrens Team,
Arden Hill, 55 South Street,
ATHERSTONE CV9 1DZ.
فون: 01926413492

Rugby Children Services Team
Oakfield Park,
32 Bilton Road,
RUGBY CV22 7AL.
فون: 01788 570011

Warwick District Children's Assessment Team
Holly Walk House,
56 - 58 Holly Walk,
LEAMINGTON SPA CV32 4JE.
فون: 01926 413827

Stratford District Children's Team
Elizabeth House
Church Street
STRATFORD-UPON-AVON
Warwickshire
CV37 6HX
فون:01926413629

SSCL219

پہلے سال کے دوران وہ لوگ یہ کام ہر چھ ہفتوں میں کم از کم ایک بار کریں گے۔ اگر بچہ اس عمر کا ہوا تو ممکن ہے کہ ہم اس سے اکیلے میں بات کرنا چاہیں۔ اس کے علاوہ ہر چھ ماہ کے بعد ہم ایک میٹنگ کا اہتمام کریں گے تاکہ انتظامات پر نظرثانی کی جا سکے۔ اس نظرثانی میں آپ کی شمولیت کی غرض سے آپ کے بچہ کا/کی سوشل ورکر آپ سے رابطہ کرے گا/گی۔

## اگر ہم سمجھیں کہ یہ انتظامات موزوں نہیں ہیں تو اس صورت میں کیا ہو گا؟

ہم ذیل کی صورتوں میں کسی کو پرائیویٹ فوسٹرنگ سے روک سکتے ہیں:

- اگر پرائیویٹ فوسٹر کیئرر موزوں نہ ہو؛ اور یا
- وہ مکان یا فلیٹ موزوں نہ ہو۔

یا، اگر ہم یہ سمجھیں کہ کوئی خاص چیز غیر تسلی بخش ہے تو ہم پرائیویٹ فوسٹر کیئرر سے اس مسئلہ کو حل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ مثلاً، فائر گارڈ یا سموک الارم لگانے کی درخواست۔

اگر ہم کیئررز کو پرائیویٹ فوسٹرنگ سے روکتے ہیں یا اگر ہم ان سے کچھ تبدیلیاں لانے کو کہتے ہیں، تاکہ یہ سلسلہ جاری رہ سکے، تو ہم آپ کو مطلع کر دینگے۔

ہم پرائیویٹ فوسٹر کیئرر کو تحریری طور پر بتائیں گے کہ کس وجہ سے دیکھ بھال کے انتظامات روکے جا رہے ہیں اور کیوں انہیں تبدیلیاں لانے کی ضرورت ہے۔

سوشل ورکرز آپ کے ساتھ بھی اس کے متعلق بات چیت کریں گے کہ آپ اپنے بچہ کیلئے دیگر کونسے انتظامات کرنا چاہیں گے۔

## نسل، تہذیب اور مذہب

یہ لازمی ہے کہ بچے اپنی تہذیبی اور نسلی شناخت اور مذہبی عقائد برقرار رکھ سکیں۔ آپ کو یہ باتیں کیئررز کو بتانی چاہیئں تاکہ وہ لوگ آپ کے بچہ کیلئے ضروری خصوصی انتظامات کو اس کی ضروریات کے مطابق یقینی بنا سکیں، مثلاً خصوصی خوراک یا عبادت کے انتظامات۔

اگر آپ کے بچہ کا تعلق مقامی کمیونٹی کے مقابلہ میں کسی دوسرے نسلی پسِ منظر سے ہے تو کیئررز کو آپ کے بچہ کے خلاف کسی قسم کے نسلی تعصب کے حوالہ سے نظر رکھنی پڑے گی؛ اس کی روک تھام کیلئے اقدامات اُٹھانے پڑیں گے اور ایسا ہونے کی صورت میں اس سے نمٹنا پڑے گا۔

## آگے کیا ہو گا؟

ان تحقیقات اور گفتگو کے بعد آپ کے بچہ کا/کی سوشل ورکر اور کیئررز کا/کی سوشل ورکر ان تمام معلومات پر ایک رپورٹ لکھیں گے جو انہوں نے جمع کی ہیں۔ اس کے بعد ہم یہ فیصلہ کریں گے کہ کئے جانے والے انتظامات موزوں ہیں یا نہیں۔ ہم آپ کو اپنا تحریری فیصلہ دیں گے۔

اگر ہم اتفاق کرتے ہیں کہ یہ انتظامات موزوں ہیں تو سوشل ورکرز کیئررز اور بچہ کی مدد کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔

پیپل گروپ، سیف گارڈنگ اور چلڈرن ٹیم کے سوشل ورکروں کو قانونی طور پر بچوں کے ساتھ پرائیویٹ فوسٹرنگ پلیسمنٹ میں ملاقات کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

2004 کے بچوں کے قانون کے مطابق نجی طور پر فوسٹرنگ کئے جانے والے تمام بچوں کے تحفظ اور خوشحالی کو یقینی بنانا ہمارا قانونی فرض بنتا ہے۔

اس مقصد کیلئے ایک سوشل ورکر، جس کا ذمہ آپ کے بچہ کی ضروریات پر دھیان دینا ہے، آپ سے رابطہ کرے گا/گی۔ وہ آپ، آپ کے بچہ اور کیئررز سے بات کرے گا/گی اور:

- یہ دیکھے گا/گی کہ کیئررز کا گھر آپ کے بچہ کیلئے محفوظ اور موزوں ہے یا نہیں؛
- کیئررز سے رضامندی کا فارم مکمل کرنے کی درخواست کرے گا/گی تاکہ ہم دوسری ایجنسیوں، جیسے ڈِس کلوژر اینڈ بارِنگ سروس، کے ساتھ مل کر قانونی تحقیق کر سکیں؛
- بچہ کی صحت اور تعلیم سمیت تمام انتظامات کو یقینی بنائے گا/گی؛
- اس کے متعلق بات چیت کرے گا/گی کہ آپ اور کیئررز کس طریقہ سے مل کر ایک ساتھ کام کر سکتے ہیں؛
- آپ کے بچہ کی ضرورت کے مطابق اس کی دیکھ بھال کرنے میں کیئررز کیلئے مدد کو یقینی بنائے گا/گی؛
- اگر بچہ اس عمر کا ہوا تو وہ اس کے ساتھ اکیلے میں ان انتظامات پر گفتگو کرے گا/گی۔